١ رسم دلبران مجازی است که هرگاه عاشق از طرف معشوق خود آگاه نباشد پس سنگے یا کلوخے بدست ناز بر وے مے اندازد بدان ضرب لذیذ او را از طرف خود آگاه مے سازد +

٢ انا عرضنا الامانة علی السموات والارض والجبال فابین ان یحملنها واشفقن منها وحملها الانسان انه کان ظلوما جهولا +

٣ مناسب این مکان بیت حضرت مولانا مغربی است قدس سره

ز دار چه یگان است ولے گاه تجلی
بسیار نماید چو بود آئینه بسیار

یکے آئینہ از لوحِ عدم ساخت | دراں پرتوِ زروئے خویش انداخت
چو عکسِ خویشتن را دید دروے | شدہ خود عاشق و دیوانہ بروے
بصد جاں طالبِ دیدارِ خود شد | اسیرِ طرّۂ طرّارِ خود شد
عجب گسترد دامے طرفہ صیّاد | کہ آخر خود بدامِ خود درافتاد
طلب میکرد طالب یافت مطلوب | محبّے جست پیدا گشت محبوب
ولے عکسش چو چشمِ خویش بکشاد | نگاہِ ایں ہم آخر برُوے اُفتاد
چو اصلِ خویش را بس دید زیبا | فزوں‌تر شد ازاں ہم ناشکیبا
بعشقش بیخود و مستانہ آمد | دل از کف دادہ بس دیوانہ آمد
درآنجا بود مشتاقی سراسر | دریں جا جملہ محتاجی زدہ سر
کجا مشتاق و کو محتاج اے آہ | گدا آخر گدا آں شاہ خود شاہ
فتاد ایں از شرابِ عشق سرشار | شدہ بیتاب از یک تابِ دیدار
درانجا حُسن آخر تمکنت داشت | ز استغنا بخود چندیں صفت داشت
بگفتا حُسن مطلوبم ہمیں بُود | کہ آخر رُوئے دریں آئینہ بنمود
برد ہرچند عشقش دل ز دستم | ولے من خود ہماں ہستم کہ ہستم
اگر مثلش شوم دیوانہ من ہم | شود ناچار قدرِ حُسنِ من کم
غنائے خویش را خود پیشہ سازم | کہ آخر شاہِ مُلکِ حسن و نازم
پس ایں را اندکے مہجور دارم | ز قُربِ خویشتن بس دُور دارم
کنند تا آتشِ غم پختہ کارش | بوصلِ خود دہم آنگاہ بارش
چو شد پختہ ہمیں تدبیر آخر | چہ تدبیر آہ بل تقدیر آخر
ہزاراں پردہا از ظلمت و نُور | برُوئے خود فگند آں غیرتِ حور
پئے یک مصلحت گردید رُوپوش | ولے صد میل سوئے یار مدہوش

مثنوی مُرادالعاشقین

بسمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

بنامِ آنکہ بے نام و نشان است — بروں از قیدِ حرفِ این و آن است
بنامِ آنکہ ما حیرانِ او ایم — سر و پا کردہ گم مانند گو ایم
بنامِ آنکہ از نامش بود عار — بوصفِ آنکہ دارد نامِ بسیار

بنامِ آنکہ از بندہ نوازی — بما آموخت علمِ عشق بازی
پس اکنوں من بیانِ عشق سازم — برنگِ دیگرے عنواں طرازم
بنامِ عشق بازے عشق ایجاد — کہ اول عشق بازی کرد بنیاد
بخلوت خانۂ ہاہوت آں ماہ — نشستہ بود لے یاراں کہ ناگاہ
تقاضا کرد حُسنِ لایزالش — کہ بنماید بکس این خط و خالش
بایں حُسنِ تقاضا آں سرافراز — بصد فوج و سپاہ عشوہ و ناز
باطراف و جوانب کرد روے — پیٔے عشاق خود در جستجوے
بمیدانِ وسیع حیرت آباد — بعزم صید لس گردید صیّاد
ولیکن در نظر نامد کسے آہ — بغیر از صورتِ اِنّی اَنَا اللہ
چو آں مہ غیر خود را دید معدوم — وجودِ خویشتن را کرد معدوم

کند شق سینۂ بے کینۂ صبح　　دمم سرِ دسحرگاہِ قلندر

بطرف فکر تاریخِ وصالش　　شبے افتاد چوں راہِ قلندر

زہر عنصر برآورد آہ و برگفت　　بملکِ جاں شہنشاہِ قلندر

۹ ۸ ۴ = ۲۴ + ۱۱۹۱ = ۱۵ ۱۲ ۵

ہرچند سررشتہ گفتگو باین ہا و ہو بدرازی کشیدہ لیکن چوں مجبورم معذورم دارند

غزل دیگر

نوشتم آنچہ آہ و نالۂ ماست　　ہمہ احوال ما زین نالہ پیداست

دلِ من در فراقِ لیلئے من　　دریں وادی بسے مجنون و شیداست

چگونہ آہ خاموشی گزینم　　کزیں سودا سرم پرشور و غوغاست

قیامت واہ چہ برپا نگر دید　　چو آں سروِ رواں از باغ برخاست

مرادالعاشقیں را اے قلندر

برِ عشاق کن عرض انچہ سوداست

فانظروا یا معشر العشاق الیٰ ما فی ھٰذہ الاوراق انہا تریاق لمن لدغتہ حیۃ الفراق واگر بجائے در نظم کتاب کہ مصنف علیہ الرحمۃ والغفران من اللہ الوہاب در عمر بیست و یک سالگی کہ عنفوانِ عہد شباب است بنظم درآوردہ اگر سہوے و خطائے دریابند، عمل بریں مقولہ مقبولہ نمایند کہ "از خردان خطا و از بزرگان عطا" واگر کسے از اربابِ ظاہر کہ از رموزات و اشارات اصحاب بواطن ماہر نیست، دیدۂ عیب بیں کشاید و بطورے در طریق اعتراض درآید در جواب آں ہمیں یک بیت حضرت شیخ شمس الدین محمد العنی حافظ شیرازی قدس سرہٗ کہ فقیر تضمین آں بدنیساں نمودہ کافی و شافی است

براہِ میکدہ بودم فتادہ بیخود آہ　　کہ دید جانبِ من زاہدے بصد اکراہ

ز جوشِ مستئے خود گفتمش کہ اے گمراہ　　کمال صدقِ محبت ببین نہ نقص گناہ

کہ ہر کہ بے ہنر افتد نظر بہ عیب کند

بجز خاموشی و صبر چہ چارہ قلندر را　　حالا کہ تاب طاقت آہ و فغاں نماند

قطعہ تاریخیہ

غلامِ رکنِ دیں شاہِ مرادم　　کہ معدوم است در دنیا مثالش

بملکِ فقر و اقلیمِ مشیخت　　مہیا بود اسباب کمالش

بزیر دلق بر خلقِ جہاں بود　　عیاں از روئے او جاہ و جلالش

بجز اوجِ فضائے اقدس عشق　　نہ واگشتند گاہے پر و بالش

بہ ایران و عرب بردند تحفہ　　بکاغذ کردہ شعر با کمالش

چناں در قال حال خود نہاں کرد　　کہ کس آگاہ نہ شد ہرگز زحالش

در احوالات نورالدین جامی　　بہ بیں خواہی سند گر زیں مقالش

دریں باغِ جہاں زو گل نماندہ　　بدستِ من زگلزارِ جمالش

برآمد بست و نہ سال و مہ چند　　نمودم چوں حساب سن و سالش

بہ بزمِ وصلِ جاں چوں از جہاں رفت　　دریغا گشت تاریخ وصالش ۱۲۲۵

قطعہ مورخہ

برآمد چو شاہِ مرادم ز عالم　　زغم فرقتش کوہ بر دل در آمد

ز تاریخ سالِ وصالش چہ گویم　　دو صد آہ و یک نے ہر دل برآمد[۱]

$6 \times 200 = 1200 + 15 = 1215$ ھ

ایضاً دیگر

غلامِ رکنِ دیں شاہ قلندر　　غلامِ جاں برخ ماہِ قلندر

برادر قبلۂ حاجات و استاد　　بجد منگار ریش جاہِ قلندر

جواں عمر و جواں بخت و جوانے　　چو جانے یار و لخواہِ قلندر

چو منزل گاہِ خود زیر زمیں کرد　　گذشت از آسماں آہِ قلندر

---

[۱] اگر اعداد دو صد آہ را مع یک کلمہ نے یکجا جمع کنند یکہزار و دوصد پانزدہ میشود کہ ہمیں سال وصال آن صاحب کمال است ✤

در باختہ ۔ صاف نمودہ تحفۂ محفل عشاق وہدیہ مجلس ہر مشتاق مے نماید و بحکم درد دل بہ تحریر غزلے کہ در فراق آں یگانۂ آفاق بقید قلم ماتم رقم در آوردہ بود مے در آید و بعضے از قطعات تاریخیہ وفات آں آئمہ ثقات را مع یک غزل تاریخیہ براں مے افزاید و بے اختیارانہ در درد دل خود را میکشاید ماشاء اللہ کان ہیہات ہیہات ع

مے تراود چہ کنم آنچہ در آوند من است

غزل

درد اکہ شاہ کشورِ جان در جہاں نماند ۔ روحِ رواں بقالبِ اہلِ دلاں نماند

آں مقصد و مرادِ مریدانِ باالیقیں ۔ گم گشت آنچنانکہ نشانے ازاں نماند

آں گوہرِ مراد کہ از دستم اوفتاد ۔ مثلش بگنج و مخزن و دریا و کاں نماند

آں گُل کہ دستبرد خزانش بباد داد ۔ بوئے ازو بہ گلشن و باغ جہاں نماند

آں دلبرے کہ رفت دلم بُردہ ہیچکس ۔ مانندِ او میان ہمہ دلبراں نماند

آں شاہ کہ در جمال عدیم المثال بود ۔ مُلکِ عدم گرفت و بکون و مکاں نماند

آں طوطئے کہ بود شکر ریز و خوش کلام ۔ پرواز کرد و آہ بہندوستاں نماند

مرغانِ باغ شعر و سخن جملہ تلخ کام ۔ گشتند زانکہ بلبلِ شیریں زباں نماند

ہر نکتہ گو سکوت گزیند کہ بعد ازیں ۔ در بزم گفتگوے جہاں نکتہ داں نماند

اے دوستاں بگریہ و زاری بسر برید ۔ عمریکہ آں مرادِ دلِ دوستاں نماند

من چوں دریں جہان بمانم کہ اے دریغ ۔ آں یار من کہ بود بمن ہر زماں نماند

خواہے بمصر و خواہ بکنعاں روم آہ ۔ آں یوسفے کہ بود دریں کارواں نماند

کو عیش زندگانی و کو لذتِ حیات ۔ کاں مایۂ مسرتِ ما زندگاں نماند

گرییم تا بکے بہ غمِ فرقتِ نگار ۔ اے چشم اشکبار کہ تاب و تواں نماند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

بعد وجدان کیفیت حال قال قائل مقال کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف خلقت الخلق لاعرف، فلہ الحمد فی الاٰخرۃ والاُولیٰ وپس از دریافت لذّت حدیث حلاوت التیام متکلّم کلام انا من نور اللہ والخلق من نوری علیہ الصّلوٰۃ والسّلام الیٰ یوم الجزاء وعلیٰ اٰلہ الاُذکیاء واصحاب الاتقیاء فثم السلام علیہ کثیراً کثیراً رونماے آئینہ حیرت زدگان جلوہ جمال آئینہ رویان صفائی پیشہ وبندکشاے سینۂ مشتاقان دولت وصال تابان خدائی اندیشہ خواہد بود کہ این کتاب مرادالعاشقین کہ گویا بابے است مفتوح بحریم اقدس حضرت وحدت وجود وشہود باوجود نگہبانی حدود شریعت محمود وپاس امتیاز مراتب عہد ومعہود ویا جام شراب نابے است ملبّب پے تشنگان بادۂ مراد ومقصود۔ فقیر حقیر راجی الی رحمۃ اللہ قلندر شاہ عفی اللہ عنہ وعن والدیہ احسن الیہما والیہ۔ در سن ظہور حق یعنی یکہزار ودوصد ونوزدہ (۱۲۱۹) ہجری علیٰ صاحبہا التّحیۃ والسلام من اللہ المنعام۔ از مسودات عشق آیات برادر قبلہ گاہ قبلۂ ارباب تیقظہ وانتباہ حضرت شاہ غلام رکن الدّین المعروف بہ میاں مراد شاہ علیہ الرحمۃ والغفران کہ جان این ناتوان را باتش ہجران خود بریان ساختہ وخود با شاہد حقیقی خود نرد وصال بے زوال

پائے راست کی طرف آرام فرما ہیں *

(۳) حضرت پیر فرح بخش صاحب آپکے تیسرے بھائی تھے اور عجب دل و دماغ رکھتے تھے۔ اپنے بھائی قلندر شاہ صاحب کے مرید تھے۔ چنانچہ اُن کے اور تمام خاندان کے حال میں آپ نے ایک ضخیم کتاب موسومہ بہ اذکارِ قلندری تصنیف فرمائی ہے جو تا حال طبع نہیں ہوئی۔ علاوہ ازیں قصہ سسّی پنوں اور قصہ عبید اللہ و دادبھان اور احوال جنگ سیالکوٹ آپ کی فارسی نظم کی یادگار ہیں۔ آپ کے نام لیوا پیر حیدر شاہ صاحب دنیائے فانی میں رہے جو ۱۲۸۹ھ میں لاولدی کا داغ سینے پر لئے اس جہان سے عالم بقا کو کوچ کر گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن *

چونکہ اس کتاب کا حجم زیادہ مطوّل دیباچہ لکھنے کی گنجائش نہیں رکھتا۔ اس واسطے حضرت پیر قلندر شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ برادر مصنف کی وہ تحریر جو آپ نے اس کتاب کے شروع میں رقم فرمائی ہے نقل کر کے اس تمہید کو ختم کرتا ہوں *

خاکسار غلام دستگیر نامی

متوطن رتہ و کوٹلی پیراں

حال مقیم لاھور

نکلتا ہے۔ آپ کے بعد دو فرزند رہے ایک محمدؐ خورشید عالم شاہ صاحب
اور دوسرے محمدؐ اشرف عالم شاہ صاحب۔ اوّل الذکر بڑے دانا۔ مدبر اور
بارُعب صاحب علم تھے۔ اشراق تخلص تھا۔ بہت عرصہ تحصیل دعیہ میں آنریری
مجسٹریٹ رہکر ۱۳۱۹ھ میں بعمر ۸۰ سال بحالتِ لاولدی رہگرائے عالم جاودانی ہوئے
تاریخ ہوئی ؎

۱۹ ۶ ۱۰
منور مرقد خورشید عالم

اب اپنے والد بزرگوار کے جانشین حضرتِ مؤخر الذکر ہیں جو اسم با مسمےٰ
اشرف ہیں اور خلق وحلم ان کی گھٹی میں پڑا ہوا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ
انہیں فرزند ارجمند عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین *

(۲) مصنف علیہ الرحمۃ کے دوسرے بھائی سکندر شاہ صاحب تھے۔
امداد تخلص کرتے تھے۔ تقوے و پرہیزگاری میں عدیم المثال اور فقر و فنا
میں صاحب حال تھے۔ آپ زمرۂ اہل درد میں سے تھے اور عجب قلب رقیق
وطبع موزوں رکھتے تھے۔ چنانچہ یہ دو توں شعر ان کی جدّت و تیزی فہم کا پتہ دیتے
ہیں ؎

بتارِ موئے مژگاں دوختم ایں چشم حیراں را — رفو از رشتۂ جاں کردہ ام چاکِ گریباں را
خیالِ روئے تو بامن چناں ہم آغوش است — کہ کارِ ہر دو جہاں از دلم فراموش است

مگر افسوس ہے کہ عین عالم شباب میں یہ لائق و ہونہار بزرگوار بعمر بست سال ۱۲۱۴ھ
میں اس جہان فانی سے ہر قسم کی دنیاوی لذتوں سے بے بہرہ اور آلائشوں سے
پاک عالم جاودانی کی طرف رحلت کر گئے ؎

عارف اکبر سکندر شاہ

تاریخ ہوئی۔ آپ حضرت شیخ عبد الجلیل عظمہ اللہ تعالےٰ کے روضہ منورہ کے

بھی آپ نے حُلیہ مُبارکؐ نظم کیا ہؤا ہے۔آپ کے اشعار جودرد بھرے اور سچّے دل سے لکھّے گئے ہیں دل میں رقت پیدا کردیتے ہیں۔آپ ساٹھ سال سے زیادہ عمر پاکر ۱۲۴۷ھ ہجری میں فوت ہوئے۔تاریخ ہوئی :-

بے نیاز عاشق قلندر بادشاہ

آپ اپنے بعد ایک ہونہار اور لائق بیٹا غلام محی الدین شاہ نامی چھوڑ گئے ٭

آپ (یعنی غلام محی الدین شاہ صاحب) سرداران سندھا نوالیہ کے مشیر اعلیٰ تھے اور پھر بھگواڑہ ریاست کپورتھلہ میں بعہدۂ تحصیلداری سرفراز ہوئے۔ مُفتی غلام سرور لاھوری جو بہت سی کتب کا مُصنف ہے آپ کے ہاں ملازم تھا۔چنانچہ وہ کہتا ہے ؎

عجب سردار عالی بود ذاتش　　　که سرور ہم غلامے کمتریں بود

جب سرکار انگریزی کا زمانہ آیا تو گورنمنٹ نے انہیں نسلاً بعد نسلاً موضع کوٹلی پیراں سالم (خانقاہ شیخ عبدالجلیل قطب العالم کے نام) موضع دتہ پیراں نصف (خانقاہ حضرت قلندر شاہ صاحب کے نام) اور ایک چاہ موضع مردانہ میں (خانقاہ پیر مراد شاہ صاحب کے نام) علے الدوام جاگیر کردیا۔ لاھور میں جہاں سید احمدؒ صاحب توختہ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار محلہ چہل بیبیاں میں ہے وہ تمام گردنواح بھی انہیں کی ملکیت تھا۔اور تحصیل شکر گڑھ میں موضع جلالپور بھی انہیں کا تھا۔ اپنے جد بزرگوار کے آباد کردہ موضع قلعہ مسیتا تحصیل شرقپور کے بھی آپ مالک تھے۔اور موضع دنیاں آپ نے خود خریدا تھا۔ غلام محی تخلص کیا کرتے تھے اور باوجود امارت کے فقرا اور علما کے دل سے غلام تھے۔آپ پچپن سال کی عمر میں فوت ہوئے۔اور اپنے والد بزرگوار کے پاس دتہ پیراں میں دفن کئے گئے۔ غلام مجیب محی الدین سے سال وفات

مُصنّف موصوف کے برادران کا حال

آنجناب کے تین بھائی اور تھے اور چاروں ایک عجیب دل و دماغ لیکر دنیا میں آئے تھے۔جب تک زندہ رہے ایک عالم کو اپنا حلقہ بگوش بنائے رکھا اور جب انتقال کر گئے تو اپنے نفوس قدسیہ کے آثار جہان میں چھوڑ گئے۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں (۱) قلندر شاہ صاحب (۲) سکندر شاہ صاحب (۳) فتح بخش صاحب (ان ہر چہار برادران کا حال مجملاً حدیقۃ الاولیا اور خزینۃ الاصفیا میں مذکور ہے) ٭

(۱) قلندر شاہ صاحب، آپ اپنے زمانہ میں ایک بڑے بزرگ گذرے ہیں۔ چنانچہ آپ کے چھوٹے بھائی پیر فتح بخش صاحب نے آپ کے حالات میں ایک کتاب اذکار قلندری رقم فرمائی ہے جو تا حال نہیں چھپی۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ آپ طفولیت ہی سے قلب سلیم رکھتے تھے۔ ایک دفعہ جب آپ نو سال کے تھے آپ کی والدہ ماجدہ نے فرمایا۔ اے قلندر فلاں کام کر کے پچھلے پاؤں واپس آؤ۔ آپ وہ کام کر کے بہت دیر سے آئے۔ جب سبب پوچھا گیا تو فرمایا کہ آپ نے جو فرمایا تھا کہ پچھلے پاؤں واپس آؤ، سو اس روش سے آنے میں مجھے دیر لگ گئی، براہِ خدا معاف فرمائیں۔ والدہ مکرمہ نے پیار سے آپ کا مُنہ چوم کر فرمایا، انشاء اللہ تعالےٰ تم ولی زمانہ ہو گے۔ چونکہ نیک والدین کی ولی دُعا مُستجاب ہوتی ہے، خداوند تعالےٰ نے آپ کو دُنیا میں مقبول بنا کر درجۂ ولایت عطا فرمایا ٭

آپ بھی صاحب تصنیف ہوئے ہیں چنانچہ فارسی میں آپ کا دیوان قلندر معراج نامہ، بیان عقائد اهل اسلام، حلیہ شریف جناب سرور کائنات علیہ افضل الصلوات، شجرہائے سلاسل خمسہ، مکتوبات وغیرہ منظوم ہیں۔ اُردو میں

زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں +

سُلطان التارکین علیہ الرحمۃ کی چھٹی پُشت میں ایک مردِ خدا پیدا ہوئے جن کا نام عبد الجلیل اور خطاب قطب العالم شیخ چوھڑ بندگی ہے۔ آپ بحکم رسُول اکرم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم قصبہ مومبارک سے لاھور میں بہ عہد سلطان بھلول لودی رونق افروز ہوئے۔ اور سُلطان نے آپ کی خاندانی شرافت و کرامت دیکھ کر اپنی لڑکی کی شادی اُن سے کردی +

آپ بہت سے گمراہوں کی ہدایت کا سبب ہوئے اور ہزارہا بندوں کو ظلمت کفر سے نکالکر نور ایمان میں لے آئے۔ چنانچہ ہزارہا مرید جو آج کل اس خاندان کے دامن گرفتہ ہیں اسی بزرگ کی برکت کا نتیجہ ہے۔ مختلف کتب تواریخ لاھور۔ حدیقۃ اولیا۔ خزینۃ الاصفیا وغیرہ میں آپ کا حال مجملاً مذکور ہے۔ اس کتاب میں مفصّل حال بیان کرنے کی گنجائش نہیں انشاءاللہ تعالےٰ آپ کا ملفوظ طبع کرایا جائیگا۔ جناب ممدوح کا روضہ منوّرہ لاہور قلعہ گوجر سنگھ کے پاس خانقاہ شیخ چوھڑ شاہ بندگی کے نام سے مشہور ہے۔ حضور کے مرید شیخ موسیٰ آہنگر ایک علیحدہ مقبرہ میں جس کا گنبد بلند اور سبز رنگ ہے، آپ کے پاؤں کی طرف آسودہ ہیں +

آپ کی اولاد مواضع دتہ پیراں، کوٹلی پیراں ضلع سیالکوٹ اور مواضع نبی پور پیراں، قریشیانوالہ، پیرکوٹ، پنڈی، گنجے، بھگوتی تحصیل شرقپور ضلع لاہور میں آباد ہے۔ اور جناب کا سالِ وفات لفظ شیخ ۹۱۰ھ سے نکلتا ہے +

بندگی قطب العالم کے بھائیوں کی اولاد موضع گڑھی میں جو دہلی سے پچاس کوس کے فاصلہ پر ہے آباد ہے۔ جناب پیر مراد شاہ صاحب دس پشت کے واسطہ سے جناب شیخ قطب العالم کو ملتے ہیں +

ہُوا اُٹھ کھڑا ہُوا اور جوگیانہ لباس دُور کر کے جامۂ اسلام در بر کیا۔ اپنا مکان حضرت کی نذر کر دیا۔ جو تا حال ریاست بہاولپور میں قصبہ مومبارک کے نام سے مشہور ہے اور آپ کی خانقاہ مبارک بھی وہیں ہے۔ ریاست مذکور میں مواضع میانوالی قریشیاں۔ مومبارک۔ بہاوالدین پور قریشیاں۔ بُلاقیوالی۔ شیخ واھن۔ ترمذہ سوایہ خان۔ فتح پور قریشیاں اور کوٹ شاہبانن آپ کی اولاد کا مسکن ہیں۔ آج کل آپ کے سجّادہ نشین مخدوم آحمد شاہ صاحب رئیس اعظم و جاگیردار موضع میانوالی قریشیاں ہیں جو پہلے چھ گاؤں کے مالک ہیں اور ہشتم حصہ محصول ریاست کی طرف سے انہیں انعام ہے۔ علاوہ ازیں ضلع جھنگ میں بھی مفصّلہ ذیل گاؤں میں آپ کی اولاد آباد ہے جو تمام زیورِ علم و فضل سے آراستہ ہیں (۱) تلواڑہ (۲) موضع واصلشاہ (۳) بوھڑی غلام جہانیاں (۴) حویلی شیخ راجی (۵) موضع شیخ چاکر (۶) پیر کوٹ سدھانہ (۷) موضع چیلہ جرانہ (۸) موضع میاں داڈا اور کوٹلہ پٹھاناں متصل دھلی و پنڈی شیخ موسیٰ میں بھی آپ کی اولاد مکین ہے ٭

آپ پیری میں شیخ رکن العالم ملتانی قدس سرّہٗ کے مرید ہوئے۔ جس کے مفصّل ذکر کرنے کی یہاں گنجائش نہیں ٭

آپ کے حالات میں ایک مبسوط کتاب تذکرہ حاکمیہ شیخ موصوف کے خاندان کے ارکان کے پاس موجود ہے جو اگر خدا نے چاہا تو طبع کرا دیجائیگی آپ کی تصنیف کردہ ایک کتاب دیوان حاکم کے نام سے مشہور ہے جو تا حال ہمارے پاس موجود ہے اور عوام النّاس میں بذریعہ طبع مشتہر نہیں ہوئی۔ مفصّلۂ ذیل اشعار سے آپ کا سال تولید۔ وفات اور مدّت العمر نکلتی ہے :-

پُرسی از سالِ وفات و عمرِ آں شاہِ کبیر	شیخ حاکم تارکِ جاہ و حشم تاج و سریر
یک بیک گویم بتو لیکن بگوشِ جاں شنو	کُن بلوحِ دل رقم ایں نکتہ ہا بے دلپذیر
شرع تولیدش بداں سلطانِ زاہد سال عمر	سال فوتش داں ولئے خاص اے روشن ضمیر

چونکہ آپ کا حال اکثر کتب مثل خزینۃ الاصفیا وغیرہ میں لکھا جاچکا ہے اس واسطے

براہِ نوازش فرمائیں کہ وہ مجھے کہاں ملینگے۔ فرمایا وہ ہمارے فرزند بہاؤ الدّین ذکریّا مُلتانی کے پوتے ہونگے اور اُن کا نام نامی رکن الدّین ہوگا۔ عرض کی یا شیخ مَیں اُن کے عدم سے وجُود میں آنے تک کُنج خمول میں پڑا رہونگا؟ آپ نے اپنا خاص مُصلّےٰ تبرّکًا سُلطان التارکین کو دیکر رخصت فرمایا۔

مُلتان کے راستہ میں آپ کو ایک پُرفزا بلند مکان نظر آیا وہاں جا کر آپ ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔ وہ مکان ایک کیمیا گر جوگی کی ملک تھا جس کو تمام گرد و نواح کے باشندے مانتے تھے۔ وہ ٹہلتا ٹہلتا اس طرف آنکلا اور جب آپ پر نظر پڑی تو اُس کے دل میں خیال پیدا ہُوا کہ یہ شخص دو حال سے خالی نہیں یا تو کوئی گُم کردہ سامان تاجر ہے یا کسی ملک کا مُصیبت زدہ بادشاہ ہے۔ پس آزمائش کے طور پر اس نے کچھ سونا لیکر آپ کی نذر کیا اور کہا "اے وہ شخص جس کی صُورت سے آثار رنج و ملال ٹپکتے ہیں جان لے کہ زمانہ کسی کے ساتھ ایک حالت میں نہیں رہتا میرے اس ہدیہ کو قبُول کر اور اپنی مایحتاج میں خرچ کر۔" آپ نے فرمایا کہ ہم تیری اس علوِّ ہمّتی و فیاضی کے ممنون ہیں خدا تمہیں جزائے خیر دے اور اُس طلا کو دریا میں جو پاس ہی بہتا تھا ڈالدیا۔ یہ دیکھکر جوگی کے دل میں گذرا کہ یہ مرد جو بے نیازی میں یکّہ و فرد ہے دو جہت سے خالی نہیں یا تو کیمیا گر ہے اور یا باکمال فقیر۔ پس اس حال کے دریافت کے لئے عرض کیا "اگر یہ سونا تمہارے مطلب کا نہ تھا تو مجھے واپس کیوں نہ دیدیا پھینک دینے سے کیا فائدہ تھا۔" آپ نے دریا کی طرف اشارہ کرکے فرمایا "مانک موتی نے دے جھنی پر البت سولے۔" یہ لفظ مُنہ سے نکلتے ہی دریا شق ہوگیا۔ اور جوگی نے دیکھا کہ اُس کی تہ طلا اور مروارید سے پُر ہے۔ یہ دیکھکر جوگی آپکے قدموں پر گر پڑا اور ظلمت کُفر سے نکلکر نورِ ایمان میں داخل ہوگیا۔ کلمہ شہادت پڑھتا

جس کے پیچھے گھوڑا ڈالا۔ وہ ہرن بھاگتا بھاگتا ایک قبر میں جا گھسا۔ آپ حیران ہوئے کہ ہرن کا قبر میں گھس جانا کیا معنی رکھتا ہے۔ قبر کو کھدایا گیا تو دیکھا کہ ایک میّت ہے اور اس پر بچھو بیٹھا ہوا نیش زنی کر رہا ہے اور ہر دفعہ کے کاٹنے پر میّت کا رنگ متغیر ہوا جاتا ہے۔ آپ نے گوشۂ کمان سے اُسے ہٹایا مگر وہ نہ ہٹا۔ آخر پکڑ کر اُسے باہر پھینکدیا۔ اتنے میں ایک پرندے نے اُسے پھر میّت کے سینہ پر لا رکھا۔ آپ نہایت متعجب و پریشان ہوئے پوچھا کہ یہ کس کی قبر ہے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ یہ اس گاؤں کا نمبردار تھا۔ آپ یہ سُنتے ہی واپس آئے اور شاہی تاج اپنے عم زاد بھائی امیر ابوالبقا فرزند سلطان شہاب الدین ابوالبقا کے سر پر رکھا۔ اور خود سلطنت سے دست بردار ہو کر فقیرانہ لباس پہنا اور اپنے نانا شریف سید السادات حضرت سید احمدؒ توختہ کی خدمت میں جو بیویاں پاکدامناں مدفون بلاہور کے والد بزرگوار اور جن کی قبر محلہ چہل بیبیاں لاہور میں ہے۔ آ حاضر ہوئے۔ آپ نے فرمایا۔ بیٹا جب تم نے فقیری اختیار کی ہے تو تم کو مجاہدہ و ریاضت سے دیرینہ زنگ کو اپنے دل سے دور کرنا چاہیئے۔ آپ نے بسر و چشم منظور کیا۔ اور رات دن عبادت و ریاضت شاقہ میں مصروف رہکر اپنے آئینۂ دل کو منور کرتے رہے۔ پس سید احمدؒ توختہ نے فرمایا کہ تمہارا باقی حصہ خاندان سہروردیہ میں ہے اور آپ کو خرقۂ خلافت عنایت فرما کر آپ جان بحق تسلیم ہوئے۔ تجہیز و تکفین سے فراغت پانے کے بعد آپ بغداد میں شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سُہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تین دن غلبۂ شوق سے بحر شہود میں مستغرق رہے شیخ موصوف نے فرمایا کہ تمہارے پیر بیعت ابھی پیدا نہیں ہوئے۔ آپ حیران ہو گئے اور عرض کیا یا شیخ جو طبیب کہ مرض کو پہچانتا ہے وہ اس کا داروبھی جانتا ہے۔

آنے لگے اور حاکم وقت کے ظلم وتعدی کی فریاد کی۔ آپ نے رفاہِ عام کیلئے کمرِ ہمت باندھی اور بادشاہ کو تخت سے اُتار کر خود سریرِ فرماندہی پر متمکن ہوئے اور انصاف وعدل سے رعایا کے دل کو خوش کیا۔ ان کی رعایا پروری کا یہ اثر ہُوا کہ آپ کی اولاد میں پانچ پُشت تک بادشاہی قایم رہی۔ اور پھر آپ کی اولاد سے ایک ایسے بزرگوار پیدا ہوئے جنھوں نے تخت نشینی اور حکمرانی کو چھوڑا اور دارین میں سُلطان التارکین کے لقب سے ممتاز ہوئے۔ اِن کا نام حمید الملّت والدّین مخدوم حضرت شیخ حاکم ابو الغیث قدس سرّہ ہے۔ آپ نے چندسال بڑے عدل و انصاف سے مسندِ جہانبانی کو مزیّن رکھا۔

آپ کے سلطنت چھوڑنے کا واقعہ آپ کے ملفوظ میں اس طرح سے منقول ہے کہ ایک روز آپ کی لونڈی آپ کا بستر بچھانے لگی۔ جب بچھا چکی تو اُس کے دل میں خیال آیا کہ ذرا لیٹ کر دیکھوں کہ اس پر سونے میں کیا مزہ و لذت ہے۔ پس یہ خیال آتے ہی وہ اس پر لیٹ گئی اور فوراً سو گئی۔ جب آپ تشریف لائے اور شاہی بستر پر ایک کنیز کو سویا ہُوا پایا تو آپ کے دل میں سخت غصہ آیا حکم دیا کہ اس کو بے ادبی کی سزا دیجائے۔ جب بیچاری پٹ چکی تو بے اختیار اُس سے ہنسی ظاہر ہوئی۔ آپ بہت متعجّب ہوئے اور اس سے دریافت کیا کہ یہ ہنسی کا کونسا مقام ہے۔ اُس نے عرض کی کہ اے شاہِ رُوے زمین مجھے ایک ساعت کی راحت کے بدلے اس قدر سزا ملی ہے کہ خدا کسی کے نصیب نہ کرے۔ مَیں حیران ہوں کہ اُس شخص کا کیا حال ہوگا جو ہمیشہ اس پر آرام کرتا ہے اس بات نے آپ کے دل پر بڑا اثر کیا۔ پس اُس کو تو وہیں آزاد کر دیا۔ اور خود تمام رات بستر پر بیقرار پڑے رہے۔ کروٹیں بدلتے تھے مگر نیند نہ آتی تھی۔ صُبح اُٹھ کر شکار کو گئے کہ شاید اس مشغلہ میں دل بہل جائے جنگل میں ناگاہ ایک ہرن نظر پڑا

جلوۂ ذات پر آنکھ جب کھل گئی تب نور سے ہوا معمور سینہ
تدوں پیر کو پاک جناب تا روہاب نے جی حسن محبوب خطاب دینا

پیراں پیت پیر دستگیر سگل پر تھمی تھے سلطان الموحدین محبوب حضرت باری ہیں
تس چودس کے چند شیخ محمد جی کے نند مخدومی ابوسعید جیسے جنکو بھکیاری ہیں
تاریخوں میں پڑھیں شجرہ قادری غور کریں جے تُساں شُبہ بھاری ہیں
عبدالمطلب کی اُنس غوث الاعظم کے دادا پیر حضرت پیر ابوالحسن قرشی الہاشمی ہنکاری ہیں

چونکہ آپ کے مجاہدات اظہر من الشمس ہیں اس لئے ان کے مفصل حالات قلمبند کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس سے زیادہ آپ کی بزرگی کی اور کیا دلیل ہوسکتی ہے کہ آشنائے بحرِ توحید حضرت شیخ ابوسعید مُبارک مخدومی کہ پیر بعیت جنابِ فیض مآب حضرت محبوب سُبحانی قطب ربانی غوث الصمدانی محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی ہیں۔ آنجناب کی خدمت میں اٹھارہ سال تک حاضر رہکر غلاموں کی طرح حقِ خدمتگذاری اور فرمانبرداری بجا لائے اور آپ کے فیض سے مسندِ ارشاد پر متمکن ہوئے۔ آنجناب محرم ۵۸۶ھ ہجری میں فوت ہوئے۔ دیکھو صفحہ ۱۴ کتاب سفینۃ الاولیا *

ناظرین پر روشن ہو کہ آپ کے دادا شیخ یوسف نامی نے بنی اُمیہ کی ہرج مرج سے جو اہل بیت کے ساتھ وقوع میں آئی مدینہ منورہ کی اقامت چھوڑ کر جبل ھنکاد کی رہائش جو بغداد شریف کے جوار میں ایک مقام ہے اختیار کرلی تھی اس واسطے آپ کا نام شیخ ھنکادی ہوا *

شیخ ھنکادی کے بعد آپ کے پوتے شیخ موسیٰ جبل ہنکار کی سکونت چھوڑ کر سیستان میں جا رہے۔ ادھر وہاں سے آپ کے فرزند شیخ ابوعلی صاحب نے خطۂ کیچ مکران کو اپنا مسکن بنا لیا۔ لوگ ان کی بزرگی کی شہرت سنکر جوق جوق

ایک آپ نے موش نامہ لکھا ہے۔ اور لاہور کی مکھیوں سے تنگ آ کر ایک مگس نامہ موزوں کیا ہے جن کی بندش خوب ہے مضامین دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ چونکہ ہر ایک میں ستر سے زیادہ اشعار ہیں اور کوئی بھی بہ نظر اختصار قلم انداز کرنے کے قابل نہیں۔ اس لئے میں بخوف طوالت انہیں تمامہ بھی مندرج نہیں کر سکتا۔ الغرض جناب کی کس کس تصنیف کا ذکر کیا جائے۔ ان مختصر اوراق میں اتنی گنجائش نہیں ورنہ دل تو یہی چاہتا ہے کہ ہر ایک کا مفصل ذکر کروں ✣

آپ کے خاندان کے بزرگ

آپ کے خاندان کے کس کس بزرگ کا ذکر کیا جائے کیونکہ بزرگی قدیم سے آپ کے گھرانے میں وراثتاً چلی آتی ہے۔ کوئی زمانہ ایسا نہیں گذرا جس میں اس خاندان میں کوئی مشہور بزرگ نہ ہوا ہو۔ مگر ناظرین کو ان سے متعارف کرنے کے لئے دو ایک کا مختصراً ذکر کیا جاتا ہے ✣

آپ کے خاندان میں ایک مشہور بزرگ جن کو زمانہ جانتا ہے۔ شیخ ابوالحسن ہاشمی ہنکاری ہیں۔ جد امجد خاکسار نامی حضرت پیر بنی بخش صاحب اپنے نسب نامہ میں آپ کی نسبت فرماتے ہیں ؎

براہیم شیخ زمین و زمن شہیر جہاں حضرت بوالحسن
سر عارفاں رہبر کاملاں کہ بُد کوہ ہنکار ماوائے آں
سکونت چو بر کوہ ہنکار داشت بسینہ درون گنج اسرار داشت
رقم کے شود وصفش از صد دبیر مُریدش شدہ پیر پیران پیر

جب جبل پر گئے ابوالحسن جی برس چالیس کا چلہ کینا
عرش اور فرش کی ہو گئی محرمی سی سرّ اخفا کا بھید لینا

که سلطان است گر نامِ گدائے — ہماں خرد و کلاں را بر زباں رفت
برائے غارت و تاراج پنجاب — چو دزد آہستہ تر آمد دواں رفت
ز دستِ جورِ آں غولِ بیاباں — عجب حالت بجانِ شہریاں رفت
ہر آنکس بر درش آمد بفریاد — ز سر دستار داد و غوکناں رفت
کجا در بتکدہ ناقوس ماندے — کہ اکثر از مساجد ہا اذاں رفت
نہ از ہر فانیاں آمد بعالم — ہر آں جورے کہ از درانیاں رفت
بہر یک بود یک منزل مقامے — چو وقت کوچ شد غارت کناں رفت
بشومی دلق از ما ہر بر کشیدند — اگر سائل بلا شکرِ بہرِ ناں رفت
لباس زندگاں بردن بیک سو — کفن اکثر ز جسمِ مردگاں رفت
بحمد اللہ کہ در یک ماہ زیں شہر — چناں ساں گم شدہ نام و نشاں رفت
بسالِ رفتنش در جمع یاراں — چو از تاریخ حرفے در میاں رفت

مراد از جودتِ طبع رسائے
بگفتا ناگہاں شاہ زماں رفت

اردو کی مجھے اس وقت ایک غزل یاد ہے جو خوبئ بندش میں نرالی وضع رکھتی ہے اس لئے میں اسے درج کرتا ہوں :-

تیری طلب میں ہم پھرے ملک بہ ملک سو بہ سو — شہر بہ شہر دہ بہ دہ خانہ بہ خانہ کو بہ کو
جوشِ جنوں میں سالہا وحشی تیرا ایسا پھرا — کوہ بہ کوہ بر بہ بر بحر بہ بحر جو بہ جو
دل جو گیا لگا نہ ہاتھ زلف میں ڈھونڈھا ساری رات — پیچ بہ پیچ خم بہ خم تار بہ تار مو بہ مو
دل ہو کسی پہ مبتلا جبکہ وہ بھی ہو تیرے سا — شکل بہ شکل قد بہ قد عین بہ عین ہو بہو

دل میں مراد ہے کہ اب یار سے ہوئیں ملکے شب
سینہ بہ سینہ لب بہ لب چشم بہ چشم رو بہ رو

زدعوائے شمارِ یشم سراپا — چہ مے لافید من اینم من آنم
قلمدان گفت من دارالامانم — شرف باشد مکیں را از مکانم
عزیزاں خودستائی کارِ من نیست — غرض اینست من آنم کہ دانم
بگفتا کاغذ از جملہ کلانم — منم مخدوم اینہا خادمانم
وجودم باعثِ بودِ ہمہ ہاست — فزونست از نوشتن عزوشانم
دگر شنگرف گفتا خوردہ دانم — کتبہا نام دارد از نشانم
سیاہی سرخروئی دارد از من — کہ براوراقہا گل مے فشانم

آپ نے زمانِ شاہ درانی کے لاہور سے واپس جانے کی تاریخ لکھی ہے جو بڑی دلچسپ ہے اس لئے میں اس کے چند اشعار درج کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ چونکہ آپ کے یہ چشم دید حالات ہیں اس لئے ان کے سچا ہونے میں کلام نہیں۔ ورنہ ایک صوفی مشرب آدمی کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ خواہ مخواہ ایک مسلمان بادشاہ کی مذمت کرتا :-

چہ تدبیرے زمیرِ آسماں رفت — کہ ہوش و طاقت از پیر و جواں رفت
پس از چل سال ایامِ جہالت — مکیں آمد کہ تمکینِ مکاں رفت
فلک از روئے بازی بر سرِ کار — بساطِ سلطنت چوں از شہاں رفت
زہے شاہے کہ از کابل بلاہور — چو وحشی آمد و دیوانہ ساں رفت
نمے زیبد مرا او را شاہ گفتن — چہ شد گر نام سلطانی براں رفت
نہ عزمِ ملک گیری نے عدالت — نہ گاہے بر غزائے کافراں رفت
نہ ذوقِ سکہ نے پروائے خطبہ — نہ اندیشہ کہ سود آمد زیاں رفت
چنیں غافل کہ روز و شب نہ بیند — کہ صبحم چوں شد و شامم چساں رفت
غرض ایں اسم و ایں حرف است از فعل — دریں صورت بریں معنی تواں رفت

تصنیف فرمائی تھی۔ یہ کتاب مامقیماں کے جواب میں لکھی گئی ہے جس کے ہر ہر شعر میں سربستہ راز مضمر ہیں جن کو اہل دل سُنکر سر دُھنتے ہیں اور صوفی مشرب اصحاب پر حالتِ وجد طاری ہو جاتی ہے۔ یہ کتاب چھپ چکی ہے اور یہ قیمت ایک آنہ (۱ر) خاکسار سے مِلسکتی ہے ✢

مَیں مناسب سمجھتا ہوں کہ آپ کی تصانیف سے چند مختلف اشعار ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے یہاں درج کروں۔ کسی شخص نے قلم کی شان میں اس کی زبانِ حال سے یہ فخریہ شعر موزوں کئے ہیں جو غالباً اس سے پیشتر ناظرین نے سُنے ہونگے:۔

قلم گوید کہ من شاہِ جہانم قلم کش را بدولت مے رسانم
اگر بدبخت باشد من چہ دانم ولے بیچارا را دولت رسانم

آپ کی چشم بینا نے قلم کے ماسوائے دوسری چیزوں میں بھی اوصاف ملاحظہ کئے اس لئے آپ ہر ایک چیز کی شان میں جو فن کتابت میں کام آتی ہے فرماتے ہیں:۔

بگفتا لوح مقبولِ دلانم قلم شاہ است من دستورِ آنم
بمن مشق ار کند طفلے بمکتب بہ بزمِ خوش خطانش مے رسانم

دوا تم گفت از روشن دلانم بظاہر رُو سیاہ و بے زبانم
قلم جز من نے است و لوح چوب است ہمے لافند من اینم من آنم

بگفتا کاردے من کار دانم قلم را من بشاہی مے رسانم
کسے پُرسد زبانے از کجا یافت کہ دعوائے میکند شاہ جہانم

دگر مقراض گفت آکہ دوستانم من از خود داستاں ہرگز نہ رانم
ولیکن خود شما دارید انصاف کہ زینت بخشِ خطِ خوش خطانم

بگفتا قط زن اے یاراں نہ آنم کہ حرفِ لاف آید بر زبانم

بڑے بڑے سلاطین دُنیا میں ہوگذرے ہیں مگر کوئی نہیں جانتا کہ وہ کون تھے۔ہمیشہ زندہ رہنے والے یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی حیاتِ مُستعار کی قدر کی دُنیا کو ایک سرائے سے زیادہ نہ سمجھا۔فقر و فاقہ کی کچھ پروا نہ کی اور ہمیشہ رضائے الٰہی کو سب خواہشات پر مقدّم رکھا۔جب تک یہاں رہے خوش و خُرّم رہے۔اور جب دُنیائے فانی کو چھوڑا خوشی سے چھوڑا۔یہاں ایک دائمی یادگار چھوڑ گئے اور وہاں آیندہ زندگی کے لئے توشہ طیار کر کے ساتھ لیگئے۔اب آپ بتائیں ایسے لوگ اچھے ہیں یا بڑے بڑے بادشاہ اور عالم صاحب اولاد ۔

آپ کی تصانیف

علاوہ مختلف نظموں کے چار کتابیں بھی آپ کی تصانیف سے یادگار ہیں۔ دو اردو میں اور دو فارسی میں۔اردو میں ایک آپ کی کتاب **دیوانِ مراد** ہے۔جس میں اُردو غزلیں مضامین تصوف میں مندرج ہیں۔اور دوسری کتاب **مُرادالمحبّین** جو آپ نے اپنے نوجوان اور لائق بھائی سکندر شاہ صاحب کا غمِ فراق غلط کرنے کے لئے ۱۲۸۱ھ ہجری میں تصنیف کرنی شروع کی تھی جو افسوس ہے کہ ناتمام رہگئی اور آپ دُنیا سے رحلت فرما گئے۔اس میں آپ نے **قصۂ چار درویش** کو اردو نظم میں لکھنا شروع کیا تھا اور صرف ایک ہی درویش کا حال منظوم فرمایا تھا کہ آپ راہی ملک عدم ہوگئے۔فارسی میں ایک تو یہی کتاب **مرادالعاشقین** ہے جس کے مفصّل ذکر کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔کیونکہ ایک مُبصّر ناظر اس کو ایک دفعہ ہی پڑھ کر اندازہ لگالیگا کہ یہ کس پایہ کی کتاب ہے اور کس زمانہ میں لکھی گئی ہے۔دوسری فارسی کی آپ کی کتاب **ماہ رہیداں** ہے جو مصنف موصوف نے ۱۲۱۱ھ ہجری میں

رہے ۔آپ کا مشغلہ یادِ الٰہی تھا اور اگر کبھی اس طرف سے فرصت پاتے ۔ تو قلم اُٹھا کر بلا تامّل لکھے جاتے ۔اُن کی طبیعت میں بلا کی آمد تھی اور آورد نام کو بھی نہ تھی ٭

آپ کی وفات ۴۰ سال اور چند ماہ کی عمر میں اپنے مریدوں کے ایک گاؤں موضع مردانہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ میں در ۱۲۱۵ھ ہجری وقوع میں آئی ۔ کہتے ہیں جب آپ کے عزیزان اور مریدانِ با اعتقاد نعش کو لے کر موضع کوٹلی پیراں میں دفن کرنے کے لئے روانہ ہوئے تو ہر چند کہ سفر کرتے تھے مگر پھر حدودِ موضع مذکور ہی میں آنکلتے تھے ۔آخر الامر مریدوں نے کہا کہ اِن کو ہم سے خاص اُلفت تھی ۔اِس لئے وہ بعد از رحلت بھی ہمیں چھوڑنا نہیں چاہتے چنانچہ وہیں مسجد کے جوار میں دفن کر دئے گئے ۔اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ٭

آہ ایک شریف ۔خدا یاد اور خداوند کریم کا لائق بندہ جہان سے عین عالم شباب میں بغیر پھلے پھولے چلدیا ۔جو اگر کچھ اور زندہ رہتے تو خدا جانے رشتۂ نظم میں کیسے کیسے سخن کے موتی پروتے اور خلقِ خدا کو کس قدر فیض پہنچاتے گو آپ اولاد کی جانب سے اس ناپائیدار دُنیا سے محروم چلدئے ۔مگر آپ کی معنوی اولاد اس سے بدرجہا بہتر یادگار ہے ۔جو ہمیشہ بحالتِ یتیمی بھی خویش تو خویش غیروں کی نظروں میں بھی دُرِّ یتیم بنکر رہیگی اور اپنے روحانی باپ کے نام کو ابدالآباد تک روشن رکھیگی ٭

ایسے صاحب اوصاف بزرگوں کو جو نامرادی کا لقب دے وہ نادان صریحًا غلطی میں پڑا ہؤا ہے ۔کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ ایسے ذی علم و صاحب تصانیف لوگ کبھی نہیں مرتے ۔اولاد تو ایک طرف رہی وہ خود ہر وقت دنیا میں صاحبانِ بصیرت کے دلوں میں موجود رہتے ہیں ٭

برائے تحفۂ یارانِ آں سُو گہر ہا آرم از بازارِ اُردو

یہاں پر آپ بیان کرتے ہیں کہ آج کل لوگوں نے اُردو میں اشعار کہنا اختیار کرلیا ہے اور فارسی مطعُون زمان ہوگئی ہے ۔ مگر اگر سچ پوچھا جائے تو اُردو کا ماں باپ ہی فارسی ہے ۔ چنانچہ فرماتے ہیں :۔

نہیں ہندی سخن میں نقص ممکن لطافت ہی بہت سی اسمیں لیکن
نہ شاعر ہند کے یُوں فی الحقیقت گئے لے فرس کے مضموں سبقت پہ
فصاحت فارسی سی جب نکالی لطافت شعر میں ہندی کے ڈالی

پھر اس کے بعد فرماتے ہیں :۔

مُراد اب ایسی تمہیدوں سے باز آ حقیقت خط کی کر جلدی سے انشا
شتابی اِس لئے اتنی مجھے ہے کہ قاصد جلد فرصت کم تجھی ہے
تیری بھی طبع گو تیز و رسا ہے ولیکن پھر بھی یہ بادِ صبا ہے

یہ خط تمام درد سے بھرا ہے اور مختلف امور پر اس میں بحث کی گئی ہے ۔ اگر خوفِ طوالت نہ ہوتا تو ہم اسے بتمامہ درج کرتے ۔ مگر مجبُوراً اخیر کے چند اشعار نقل کر کے اسے ختم کرتے ہیں :۔

پروئی جو کہ شعروں کی لڑی ہے مُسلسل سوزِ غم سے پھلجھڑی ہے
ہر اِک مصرع بجائے خود شرر ہے عیاں اس سے میرا سوزِ جگر ہے
جو کوئی اہلِ دل اس کو پڑھیگا میری حالت پہ وہ رقت کریگا
مُراد اب تھام تو اپنی زباں کو عیاں اتنا نہ کر سوزِ نہاں کو

زباں بر بند کلک از دست بگذار
بگو پیکِ صبا را ہاں کہ بردار

الغرض ہندوستان سے مراجعت فرما کر آپ تادمِ واپسیں اپنے وطن مالوف میں ہی

اُن ایّام میں کوئی باقاعدہ سلسلہ ترسیل خط وکتابت نہ تھا۔ اس لئے ایک عزیز کو دوسرے عزیز کی خبر بھی نہ ہوتی تھی کہ وہ کس حالت میں ہے ۔ اور پنجاب میں تو اس پُرفساد زمانہ میں خط کا پُہنچنا ایک ناممکن امر تھا۔ اِس لئے آپ نے فارسی نظم میں وہاں سے بادِ صبا کو پیغامبر بنا کے اپنے پنجابی عزیزوں کی طرف ایک طویل خط لکھا ہے ۔جس میں اپنے والد ماجد کے وفات پانے ۔ اپنی غربت اور وطن مالوف کے لئے دل کی بیقراری کا پُورا ذکر ہے ۔یہاں ہم اس سے چند اشعار نقل کرتے ہیں جن کو پڑھ کر ناظرین خود ہی ان کی روانئے طبع کا اندازہ لگا لینگے :۔

صبا اے مشفقِ حالِ غریباں — تسلّی بخش سوزِ عندلیباں
زفیضِ تُست آرائش گلاں را — کہ تسکین است جانِ بلبلاں را
سحر نورت چو بر غنچہ نتابد — مجالِ دمزدن ہرگز نیابد
زتو ہر شب نیابد گر علوفہ — نہ سر بالا کشد ہرگز شگوفہ
غرض نائی چو بہرِ سیرِ باغے — شود در یک زماں بدتر ز راغے
محافظ ور تو باشی گلستاں را — نہ بیند ہیچگہ روے خزاں را
غرض درکارِ ہر وا ماندہ از کار — ندیدم از تو بہتر مہرباں یار
گذرداری بہر مُلک و ولایت — خبرداری زہر امر و حکایت
مرادِ من ازیں اقوال دریاب — کہ دُور اُفتادہ ام از مُلکِ پنجاب
دلم از بس زبہرش بیقرار است — حواسِ خمسہ ام در انتشار است
غمِ ایں غم جگر را مے خراشد — بایں حالت نمے دانم چہ باشد
دلِ ما در ہوائے مُلکِ پنجاب — مثالِ ماہیئے بے آب بیتاب
پیامِ من زروئے مہربانی — میانِ مُلکِ پنجاب ار رسانی

چچیرے بھائی کے فرزند ارجمند حضرت پیر نبی بخش صاحب نے اُن کی نہایت برجستہ تاریخ لکھی ہے جو ذیل میں درج ہوتی ہے ؎

وحید العصر آں شاہِ کرم شاہ　　　　کہ ناید در بیاں وصفِ کمالش
شہادت یافت چوں از حکم یزداں　　　　شہادت یافت شد تاریخ سالش
۱۲۰۱ھ

مُسافری اور غم و الم نے یکبارگی ان بیکس غُربت زدوں پر مُصیبت کا پہاڑ گرا دیا مگر سوائے صبر و تحمّل کے اور کوئی چارہ نہ تھا۔ آخر الامر سب نے شکیبائی کا دامن پکڑا۔ اور اُس مُسافر شہید کو ایک فقیر کے دائرہ میں جو مذکورہ بالا شہر کے باہر برلب دریا واقعہ ہے دفن کر دیا۔

پس حضرت مراد شاہ صاحب وہاں سے فارغ ہو کر شہر بانس بریلی میں پُہنچے اور کششِ آب و دانہ نے ان کی اقامت کی سبیل نکال دی یعنی راجہ صُورت سنگھ دیوان نواب مرزا امانی لکھنوی نے انہیں ہونہار اور لائق دیکھکر ایک معقول اور باعزّت روزگار دیدیا۔ چنانچہ آپ وہاں پانچ چھ سال تک مقیم رہے۔ اگرچہ سب طرح کے آرام و آسائش کے سامان مہیّا تھے مگر ان کا دل دنیاوی جاہ و حشمت سے ہمیشہ نفور رہتا تھا اور یہی چاہتے تھے کہ اہل اللہ سے صحبت رکھیں۔ چنانچہ تمام عیش و تنعّم پر لات مار کر وہاں سے چل پڑے۔ اور اولیا اللہ کی زیارت کرتے اُن کی صحبت سے فیضیاب ہوتے ۱۲۰۸ھ ہجری میں اپنے وطن مالوف شہر لاہور میں پہنچ گئے۔

ناظرین خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ایسی تیز اور رسا طبع والے بزرگوار نے ہندوستان میں دس بارہ سال رہکر کیا کچھ نہ حاصل کیا ہوگا۔ اس عرصہ میں آپ نے مختلف علوم و فنون میں کمال حاصل کیا اور اہل اللہ کی خدمت سے بہرہ یاب و بامراد ہوئے۔

حاصل کر لی۔ مگر اللہ تعالےٰ کو منظور تھا کہ وہ اس سے بھی زیادہ علم حاصل کریں۔ چنانچہ اس کے لئے سبب بھی پیدا ہو گیا۔ جب سکھوں نے پنجاب میں شور و شر بپا کر رکھا تھا۔ اور شرفا اور علما کو محض اس جرم میں کہ وہ صاحب علم ہیں قتل کیا جاتا تھا۔ ان کے والد بزرگوار کو وطن مالوف چھوڑنا پڑا۔ اور وہ سنہ ۹۶ ہجری میں مع اہل و عیال لاہور سے لکھنؤ کی طرف روانہ ہوئے۔ آنجناب کے نانا صاحب شیخ نور الحسین خان عقیلی الہاشمی لکھنؤ کے رہنے والے تھے۔ چنانچہ اُنہوں نے آپ کے ہاں جا کر اقامت اختیار کی۔ شیخ موصوف اور اُن کے عزیزوں نے ان کو سر اور آنکھوں پر اُٹھا لیا۔ اور جانبین نے کدورات ہجر کی آب وصال سے شست و شو کی اور باہم خوشی و خرّمی سے زندگی بسر کرنے لگے۔ وہاں ڈیڑھ سال رہے ہونگے کہ اُلفت وطن نے دل میں جوش مارا اور پنجابی عزیزوں کی فرقت نے بیتاب کیا۔ پس شیخ نور الحسین سے اجازت رخصت مانگی۔ آپ نے فرمایا کہ ہم ابھی آپ کو اجازت نہیں دیتے۔ کیونکہ اس عرصہ میں ہماری آنکھیں آپ لوگوں کے دیدار سے سیر نہیں ہوئیں۔ حضرت موصوف نے بتقاضائے حبّ وطن ایک نہ سُنی اور روانہ ہو پڑے۔ حضرت مصنف صاحب فرماتے ہیں شعر

مرادؔ اے دوستانِ لکھنؤ تم سے مرخص ہو روانہ اب بسوئے حضرت پنجاب ہوتا ہے

مگر مشیتِ ایزدی میں کچھ اور ہی تھا۔ اور پنجاب کا آب و دانہ اُن کی قسمت میں نہ تھا۔ لکھنؤ و بریلی کے درمیان شہر شاہجہان پور کے قریب پہنچے تھے کہ قزاقوں نے آ گھیرا۔ اور لڑائی شروع ہوئی۔ اسی اثنا میں گولہ تفنگ اجل آہنگ حضرت کرم شاہ صاحب کے لگا۔ جس کے زخم سے وہ جانبر نہ ہو سکے اور وہیں شربت شہادت نوش کر کے اُنہوں نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کے

[illegible] علیہ الرحمۃ کا نام نامی وسلسلہ نسب وغیرہ

آپ کا [illegible] اسم گرامی غلام رکن الدین المعروف مراد شاہ صاحب بن کرم شاہ صاحب المشہور سیتا شاہ صاحب بن شاہجی صاحب بن حضرت شیخ المشائخ حضرت پیر ابوالحسن شاہ صاحب ہے +

آپ کا سلسلہ نسب حضور سرور کائنات فخر موجودات رحمت عالمیان آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے چچا زاد بھائی ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب سے ملتا ہے، جیسا کہ اس کتاب سے بھی واضح ہے۔ آپ سُہروردی مشائخ کی اولاد سے ہیں۔ اس لئے خرقۂ خاندان سُہروردیہ اپنے جد بزرگوار اور اُن کے بھائی حضرت پیر خدابخش صاحب سے وراثتاً حاصل کیا اور خرقۂ چشتیہ آنجناب کو اپنے پیر و مرشد شیخ اوحد یگانۂ عصر حضرت شیخ مولوی بدرالدین چشتی القادری لکھنوی قدس سرہٗ کی جانب سے عطا ہوا (مولوی صاحب موصوف کا روضہ منورہ شہر لکھنؤ کے محلہ شمالی رام نگر میں واقع ہے) اور سلاسل خمسہ کی اجازت قطب الاقطاب فرد الاحباب حضرت شاہ محمّد اجمل صاحب الٰہ آبادی سے ملی۔ آپ کامل الشریعت و طریقت مکمل الحقیقت والمعرفت عابد بے ریا و مجاہد بے ہمتا تھے +

آپ کی مدّت العُمر اور اُس کے اشغال

آپ کی ولادت ۱۱۸۳ھ ہجری المقدس میں ہوئی۔ بچپن میں ہی لائق والدین نے آپ کو مکتب میں داخل کر دیا۔ خاندانی، ذی علم ماں باپ کی اولاد اور پھر لیاقت خداداد، آپ نے تھوڑے ہی عرصہ میں اُن ایّام کی درسی تعلیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد از حمد خالق افلاک وعرش بریں کہ مالک کائنات وروے زمین ہے اور پس از ثناے صاحب لولاک کہ خاتم المرسلین وفخر نبیین اور شفیع المذنبین ہیں نیاز آگین کمترین **فضل الدین** ککے زئی خاکپاے سرکار عالیہ **نقشبندیہ** بخدمت ناظرین والاتمکین یوں عرض پرداز ہے کہ نسخہ ہذا موسومہ بہ **مراد العاشقین** جس میں عشق الٰہی کے بہت سے رموز مضمر ہیں۔ خوبئے قسمت سے معرفت پیر غلام دستگیر صاحب نامی کلارک انسپکٹر مدارس لاہور اُن کے ماموں پیر محمّد اشرف عالم شاہ صاحب رئیس اعظم وجاگیردار رتّہ پیراں و کوٹلی پیراں تحصیل رعیبہ ضلع سیالکوٹ سے جو نبیرۂ پیر قلندر شاہ صاحب برادر مصنّف موصوف ہیں، مع مفصلہ ذیل حالات مصنّف دستیاب ہوا ہے جس کو مَیں نے عاشقانِ محبوب حقیقی کے ولولہ شوق بڑھانے کے لئے طبع کرایا ہے۔ اُمّید ہے کہ شائقین اسے ضرور توجّہ سے پڑھینگے اور مصنف علیہ الرحمۃ کی رُوح پُرفتوح کے لئے دُعاے مغفرت کرینگے اور مجھ خاکسار کاتب الحروف عاجز احقر خاکپاے اہل اللہ شکستہ رقم محبوب عالم کو بھی دعاے خیر سے یاد کرینگے۔

سلہ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ

اردو ترجمہ کتاب نفحات الانس

یہ بینظیر کتاب حضرت مولنا عبدالرحمن جامی نقشبندی کی اعلےٰ تصنیفات میں سے ہے حضرت موصوف کی تصنیف کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ اس کتاب میں حضرت نے تمام اولیا اللہ کے حالات مع اُن کی کرامات بہ تفصیل قلمبند کئے ہیں اور جس طریقہ سے بیان ہوئے ہیں وہ عجیب و غریب ہے۔ کتاب ہذا میں مردان خدا کے علاوہ جو خاتونانِ باصفا اولیا اللہ گذری ہیں اُن کے حالات بھی حضرت نے نہایت تحقیق سے لکھے ہیں اور سب سے اول مسائل تصوف پر ایک زبردست بحث کی ہے قیمت ۲

اردو ترجمہ کتاب جواہر فریدی

اس کتاب میں جناب سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم سے لیکر مع جملہ اصحاب کبار اور حالاتِ زندگی و کراماتِ عالیہ مع شجرہ اولاد پاک حضرت بابا فرید گنج شکر چشتی رحمۃ اللہ علیہ بہ تفصیل درج ہیں کتاب کیا ہے خاندان چشتیہ کی تو گویا جان ہے زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں صرف حضرت کا نام ہی اس کتاب کی عظمت اور بزرگی کیواسطے کافی ہے

قیمت ۱۲؍

حسب ضابطہ رجسٹری شدہ،

سلسلۂ تصوف نمبر ۶۱

خواہم از عشق داستاں گویم سرِ یار نہاں عیاں گویم

مثنوی

Murad Shah, Ghulam Rukn al Din,

مُراد العاشقین

Masnavi Murad al-'ashiqin

از تصنیف لطیف جناب مشیخت دستگاہ حقائق و معارف آگاہ
حضرت مراد شاہ صاحب مرحوم ہاشمی قریشی ساکن کوٹلی پیراں

حسب فرمائش

ملک فضل الدین و ملک چنن الدین و ملک تاج الدین

تاجران کتب قومی

کشمیری بازار

و منزل نقشبندیہ کوچہ ککے زئیاں لاہور

نولکشور گیلینی پرنٹنگ ورکس لاہور میں منیجر کے اہتمام سے چھپی